IESCO PRESS RELEASE آئیسکو پریس ریلیز
Public Relation Section
Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)

بوجہ جاری ضلعی ترقیاتی پراجیکٹس- محدود فیڈرز پر عارضی بجلی بندش شیڈول

آئیسکو نے معزز صارفین کو ہمیشہ سے بہترین سروسز اور بجلی کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی ہے۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ریجن بھر میں جنرل پبلک کے لیے جاری ترقیاتی پراجیکٹس جیسے کہ نئے فلائی اوور، انڈر پاس، نئے 11KV فیڈرز کی تعمیر، سڑکوں کی مزید توسیع وغیرہ کے سلسلے میں آئیسکو کو بجلی کے پول اور دیگر تنصیبات کی شفٹنگ کے لئے محدود دورانیے کے عارضی شٹ ڈاؤن درکار ہوتے ہیں۔

اس سلسلے میں مورخہ 02 اکتوبر 2026 کو بروز جمعہ صبح 08:00 بجے سے دوپہر 12:00 تک، اسلام آباد سرکل: سروس روڈ، سوہان، ہائی وے، ضیاء مسجد، اقبال ٹاؤن فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل: فضائیہ، ای ایم ای کمپلیکس، جھنگی، پی اینڈ ٹی وانی، اظہر آباد، سی ڈبلیو او فیڈرز۔ بروز ہفتہ، مورخہ 03 اکتوبر 2026ء کو صبح 08:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک: جہلم سرکل: وارڈ نمبر 8، حیات سیر روڈ، گوجر خان سٹی، اسکیم-1، متوا، کنگر، کنٹوریلہ، مندرہ، نیو مندرہ، حامد جھنگی، ایل ٹی سی فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں عارضی تعطل آئے گا۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کے اس عارضی تعطل پر معذرت خواہ ہے۔ ان شٹ ڈاؤن کا خالصتاً مقصد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ہے۔ صارفین کی سہولت کے لیے عارضی بجلی شٹ ڈاؤن شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk / آئیسکو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک (IESCO Updates)، ٹویٹر/X اکاؤنٹ (IESCO Official Pk) پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کر سکتے ہیں۔

پریس ریلز نمبر:01-10/2026